# THE WEST BENGAL COUNCIL OF RABINDRA OPEN SCHOOLING

## UCHCHA MADHYAMIK PARIKSHA, 2023

**Urdu**

**(New Syllabus)**

**Time : 3 Hours 15 Minutes** **Full Marks : 80**

(First 15 Minutes for reading the question paper)

## (General Instructions for the Examinees)

Candidates should write their Name, Roll No. and Registration No. in their respective answer scripts.

First 15 Minutes are allotted for reading the question paper.

Answers should be in brief and to the point.

Write correct question no. against each answer.

Special credit will be given for answers which are brief and to the point.

Marks will be deducted for spelling mistakes, untidiness and bad handwriting.

In the right side the marks of questions are given.

## (Multiple Choice Questions)

1 - درج ذیل سوالات میں سے ہر ایک کے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 1×22=22

(i) میر امن دہلوی کس کالج سے وابستہ تھے؟

(الف) دلی کالج (ب) علی گڑھ کالج

(ج) فورٹ ولیم کالج (د) عثمانیہ کالج

(ii) غبارِ خاطر کس صنفِ ادب سے متعلق ہے؟

(الف) خط (ب) رسالہ

(ج) خاکہ (د) افسانہ

(iii) خواجہ حسن نظامی کی پیدائش کب ہوئی؟

(الف) ۱۷۷۸ء (ب) ۱۷۸۷ء

(ج) ۱۸۸۷ء (د) ۱۸۷۸ء

(iv) ’’ان کی موت نے ہر نشیب کو فراز اور ہر فراز کو پُر سکوت بنا دیا۔‘‘ یہاں کس کی موت کا ذکر ہے۔

(الف) مولانا ابوالکلام آزادؔ (ب) مولانا محمد علی

(ج) مرزا غالبؔ (د) علامہ اقبالؔ

(v) ''سنو! دلّی کے تمام مال ومتاع وزروگوہر کی لوٹ پنجاب احاطے میں گئی ہے؟

اس جملے کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(الف) ڈرامہ (ب) خاکہ

(ج) مکتوب (د) رسالہ

(vi) منہ تکا ہی کرے ہے جس تس کا —— حیرتی ہے یہ آئینہ کس کا

اس شعر کے خالق کون ہیں؟

(الف) میر دردؔ (ب) میر تقی میرؔ

(ج) مرزا غالبؔ (د) فیض احمد فیضؔ

(vii) مرزا غالبؔ کلکتہ کب آئے تھے؟

(الف) ۱۸۳۰ء (ب) ۱۸۱۵ء

(ج) ۱۸۳۵ء (د) ۱۸۴۰ء

(viii) بنگال کے کس شاعر کو ''غالبِ دوراں'' کہا جاتا ہے؟

(الف) پرویز شاہدیؔ (ب) مخلص مرشدآبادی

(ج) اعزاز افضلؔ (د) وحشتؔ کلکتوی

(ix) حسرت موہانی کا اصل نام کیا تھا؟

(الف) سیّد رضا علی (ب) سیّد فضل الحسن

(ج) سیّد اکرام حسین (د) سیّد حسن علی شاہ

(x) آپ کے نصاب میں شامل حسرت موہانی کی غزل کا ردیف ......... ہے۔

(الف) سر (ب) غم

(ج) چھوٹا (د) سے ہم

(xi) درج ذیل سے کون سا مجموعۂ کلام علامہ اقبال کا نہیں ہے؟

(الف) بانگِ درا (ب) بالِ جبرئیل

(ج) شہرِ حجاز (د) ضربِ کلیم

(xii) مہر نے نور کا زیور تجھے پہنایا ہے —— تری محفل کو اسی شمع نے چمکایا ہے

درج بالا شعر میں متکلم کون ہے؟

(الف) انسان (ب) سورج

(ج) قدرت (د) قرآن

(xiii) نظم ''کمان'' میں کمان کس چیز کی علامت ہے؟

(الف) اوزار (ب) ابرو

(ج) چاند (د) بوڑھاپا

(xiv) اکبرالہ آبادی کا پیشہ کیا تھا؟

(الف) درس وتدریس (ب) وکالت

(ج) صحافت (د) تجارت

(xv) فراق گورکھپوری کی کتاب ''روپ'' مجموعہ ہے...... کا

(الف) غزل (ب) نظم

(ج) رباعی (د) قصیدہ

(xvi) رباعی کتنے مصرعے پر مشتمل ہوتی ہے؟

(الف) چار (ب) پانچ

(ج) چھ (د) سات

(xvii) قصیدہ نگاری میں مرزا سوداؔ کے بعد کس کا نام آتا ہے؟

(الف) غالبؔ (ب) مومنؔ

(ج) ذوقؔ (د) حالیؔ

(xviii) آپ کے نصاب میں شامل ذوقؔ کا قصیدہ کس کی مدح میں ہے؟

(الف) حضرت علی (ب) بہادر شاہ ظفرؔ

(ج) حضرت نظام الدین (د) آصف الدولہ

(xix) ''ڈرامہ رستم وسہراب'' کس کی تخلیق ہے؟

(الف) امتیاز علی تاج (ب) مرزا ہادی رسوؔا

(ج) محمد مجیب (د) آغا حشر کاشمیری

(xx) ''عرض تمنّا کے جواب میں تمہاری ایک مختصر ''ہاں'' عشق کے عقیدت مندی کا بہترین انعام ہے'' —اس جملے کا متکلم کون ہے؟

(الف) سہراب (ب) گرد آفرید

(ج) ہجیر (د) بہرام

(xxi) ترقی پسند تحریک کے شعراء میں سب سے اہم نام کس کا ہے؟

(الف) سردار جعفریؔ (ب) پرویز شاہدیؔ

(ج) فیض احمد فیضؔ (د) مجروحؔ سلطان پوری

(xxii) ''آوارہ سجدے'' کس کا مجموعہ کلام ہے۔

(الف) مجروحؔ سلطان پوری (ب) کیفی اعظمی

(ج) جگن ناتھ آزادؔ (د) اختر الایمانؔ

**2.** درج ذیل سوالات میں سے کسی تیرہ (۱۳) سوالوں کے جواب لکھئے۔ 1×13=13

Short answer type questions

(i) عجب طرح کا تماشہ ہو رہا ہے کہ دریائی آدمی موتی کی سیپیاں اور مونگے کے درخت ہاتھ میں لئے ناچتے ہیں''۔

یہ جملے کہاں سے ماخوذ ہیں؟

(ii) ''یہ بھی اسی درخت کی ایک شاخ ہے جسے برسات نے آتے ہی زندگی اور شادابی کا نیا جوڑا پہنا دیا ہے''۔اس جملے کا متکلم کون ہے؟

(iii) خواجہ حسن نظامی کی کسی ایک کتاب کا نام لکھئے۔

یا

''قرآن نے گدھے کی مثال دی ہے کہ لوگ کتاب پڑھ لیتے ہیں مگر نہ ان کو سمجھتے ہیں اور نہ ان پر عمل کرتے ہیں''۔

اس جملے کا صنف کیا ہے؟

(iv) رشید احمد صدیقی کے کسی ایک شاگرد کا نام لکھئے۔

(v) ''عودِ ہندی'' کیا ہے؟

(vi) میرؔ کی پیدائش کہاں ہوئی؟ یا شعر مکمل کیجئے۔ــــ تھا مستعار حسن سے اس کا جو نور تھا

(vii) وحشت کلکتوی کے استاد کا نام لکھئے۔ یا حسرت موہانی کا پسندیدہ صنف کیا تھا؟

(viii) فراق گورکھپوری کا اصل نام کیا تھا؟ یا ذوقؔ کس مغل بادشاہ کے استاد تھے؟

(ix) آغا حشر کا پہلا ڈرامہ کس عنوان سے شائع ہوا؟

(x) اردو کے کسی ایک ڈرامہ کا عنوان لکھئے۔

(xi) ''باغ و بہار'' کس شہر میں لکھا گیا؟

(xii) ہندوستان میں ترقی پسند تحریک کی بنیاد کب پڑی؟

(xiii) سردار جعفری کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(xiv) ''قریب'' کی ضد لکھئے۔

(xv) لفظ ''ولی'' کی جمع کیا ہے؟

**3.** درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب کم سے کم ایک سو الفاظ میں لکھئے۔ 5×1=5

Subjective / Descriptive type questions

(i) سوداگر بچہ کے کردار پر ایک نوٹ لکھئے۔

(ii) مولانا ابوالکلام آزاد کی زندگی کا حال لکھئے۔

(iii) انشائیہ ''جھینگر کا جنازہ'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے۔

(iv) مولانا محمد علی کے بارے میں جو جانتے ہیں لکھئے۔

(v) مرزا غالب کی خطوط نگاری کا جائزہ لیجئے۔

**4.** درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب کم از کم ایک سو الفاظ میں لکھئے۔ 5×1=5

(i) میر تقی میر کی غزل گوئی کا جائزہ لیجئے۔

(ii) نظم نگاری کے سب سے مشہور شاعر کی حالاتِ زندگی لکھئے۔

(iii) کسی نظم کا خلاصہ لکھئے۔

انسان اور بزم قدرت یا کمان

(iv) درج ذیل رباعی کی تشریح کیجئے۔

امرت وہ ہلاہل کو بنا دیتی ہے غصے کی نظر پھول کھِلا دیتی ہے

ماں، لادلی اولاد کو جیسے تاڑے کس پیار سے پریمی کا سزا دیتی ہے

(v) درج ذیل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجئے۔

(الف) پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا کے تیئں — معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

(ب) کیا ہی رضواں سے لڑائی ہوگی — گھر ترا خلد میں گر یاد آیا

(ج) معلوم سب ہے پوچھتے ہو پھر بھی مدعا — اب تم سے دل کی بات کہیں کیا زباں سے ہم

**5.** درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب دیجئے۔ 6×1=6

(i) آغا حشر کاشمیری کی ڈرامہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(ii) درج ذیل سے کسی ایک کردار پر نوٹ لکھئے۔

سہراب — گردآفرید

**6.** درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب کم سے کم ایک سو الفاظ میں لکھئے۔ 5×1=5

(i) فورٹ ولیم کالج کی بنیاد کا مقصد کیا تھا؟ اس کالج کے قیام سے اردو کو کیا فائدہ ہوئے؟

(ii) پرویز شاہدی کی زندگی کا حال لکھئے۔

**7.** درج ذیل سوالوں سے کسی چار کا مختصر جواب لکھئے۔ Short Questions 1×4=4

(i) کلمہ کسے کہتے ہیں؟ (ii) اسم کی تعریف مع مثال کیجئے۔

(iii) اسم آلہ کیا ہے؟ (iv) مرزا غالب کا لقب کیا تھا،

(v) ضمیر کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے۔

**8.** چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر سگریٹ نوشی کے نقصانات پر روشنی ڈالئے۔ 5

**9.** درج ذیل سے کسی ایک عنوان پر ایک مضمون لکھئے۔ 5

(الف) انٹرنیٹ کے فوائد و نقصانات

(ب) اقلیتوں کا استحصال

**10.** درج ذیل نقاط کی مدد سے کہانی مکمل کریں اوراس کہانی کا عنوان لکھئے۔ 5

چیونٹی..........ایک محنتی کیڑا............بُرے دنوں کے لئے........... خوراک جمع کرنے کا کام...............

ایک کاہل جھنگر........... گانے بجانے میں مشغول............چیونٹی کا مذاق اڑایا......... خواک جمع نہ کیا.......

سوکھاپڑا............ جھینگر بھوک سے پریشان...........چیونٹی سے اناج مانگا.......چیونٹی نے دانہ دیا...........

کاہل ہونے کا طعنہ بھی........۔

**11.** درج ذیل اقتباس کا سلیس اردو میں ترجمہ کیجئے۔ Translate into Urdu 5

The boys had fun exploring the fort . After some time it began to get dark and they walked through the forest to the tent. Uncle Santosh had cooked the supper, so they sat in the moonlight and ate their food. They fell asleep, but in the middle of the nigh Ravi wokeup. The moon was shining, and out side the tent it was a bright as day.